قعدہ اولی میں بیٹھنا بھول جائے تو اس کی تین صورتیں ہیں

مجیب: ابو مصطفی محمد کفیل رضا عطاری مدنی

مصدق: ابو محمد علی اصغر العطاری المدنی

فتوی نمبر: Web-60

تاریخ اجراء: 28 جمادی الاخریٰ 1442ھ/11 فروری 2021ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی قعدہ اولیٰ میں بیٹھنا بھول جائے اور کھڑا ہو جائے تو اب کیا کرنا ہو گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

قعدہ اولیٰ میں بیٹھنے کی بجائے بھول کر کھڑا ہونے کی تین صورتیں ہیں۔

ایک صورت یہ ہے کہ وہ بھول کر سیدھا کھڑا ہو گیا تو اب اسے واپس لوٹنا جائز نہیں ہے بلکہ آخر میں سجدہ سہو کر لے، اگر واپس آئے گا تو گنہگار ہو گا بلکہ واپس لوٹ کر بیٹھ بھی گیا تو حکم ہے کہ فورا کھڑا ہو جائے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ بیٹھنے کے قریب تھا یعنی نیچے کا آدھا بدن سیدھا نہ ہوا تھا کہ اسے یاد آگیا تو فورا بیٹھ جائے اور اس صورت میں سجدہ سہو بھی لازم نہیں ہے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ وہ قیام کے قریب ہو گیا یعنی نیچے کا آدھا بدن تو سیدھا ہو گیا مگر ابھی پیٹھ میں خم تھا تو بھی قعدہ کی طرف واپس لوٹ آئے البتہ اس صورت میں سجدہ سہو واجب ہو گا۔

امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن سے سوال ہوا "ایک شخص نماز فرض یا وتر میں پہلا قعدہ بھول کر کھڑا ہو گیا یا کھڑا ہونے لگا تو اس صورت میں کیا حکم ہے لوٹ آئے یا نہ لوٹے؟

آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جوابا ارشاد فرمایا "اگر ابھی قعود سے قریب ہے کہ نیچے کا آدھا بدن ہنوز سیدھا نہ ہونے پایا جب تو بالاتفاق لوٹ آئے اور مذہب اصح میں اس پر سجدہ سہو نہیں اور اگر قیام سے قریب ہو گیا یعنی بدن کا نصف زیریں سیدھا اور پیٹھ میں خم باقی ہے تو بھی مذہب اصح وارجح میں پلٹ آنے ہی کا حکم ہے مگر اب اس پر سجدہ سہو واجب، اور اگر سیدھا کھڑا ہو گیا تو پلٹنے کا اصلا حکم نہیں بلکہ ختم نماز پر سجدہ سہو کر لے پھر بھی اگر پلٹ آیا بہت برا کیا گناہگار ہوا، یہاں تک کہ حکم ہے کہ فورا کھڑا ہو جائے اور امام

ایسا کرے تو مقتدی اس کی پیروی نہ کریں کھڑے رہیں یہاں تک کہ وہ پھر قیام میں آئے مگر مذہب اصح میں نمازیوں کی بھی نہ جائے گی صرف سجدہ سہو لازم رہے گا۔(فتاویٰ رضویہ، جلد8، صفحہ181، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net